الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 8فروری ،2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سینیٹ انتخابات 2018ء میں ریٹرننگ افسروں کو سکروٹنی کے دوران ضروری سہولیات مہیا کرنے اور امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی سکروٹنی کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اور چاروں صوبائی الیکشن کمشنروں کے دفاتر میں سہولت سنٹرز(Facilitaion Centres) قائم کردیئے ہیں۔اس نظام کے تحت امیدواروں کے تمام کوائف کی جانچ پڑتال آن لائن ٹیکنالوجی کی مدد سے نادرا، نیب، فیڈرل بورڈ آف ریونیو سٹیٹ بنک اور دیگر اداروں سے کی جائے گی۔اوران اداروں سے فراہم کردہ معلومات تمام ریٹرننگ افسران کو مہیا کی جائیں گی تاکہ ریٹرننگ افسران بہتر انداز میں اپنا کام سرانجام دے سکیں۔

الیکشن کمیشن نے چیئرمین نیب، نادرااور ایف بی آر سٹیٹ بنک اور دیگر اداروں سے رابطہ کیا ہے اور ان سے مدد مانگی ہے۔اس سلسلے میں سیکرٹری الیکشن کمیشن کی طرف سے تمام متعلقہ سربراہان کو خطوط بھی ارسال کئے جاچکے ہیں جس میں گزارش کی گئی ہے کہ ہر ادارہ اپنا ایک فوکل پرسن فوری طور پر نامزد کر کے الیکشن کمیشن کو اطلاع دے - یہ اقدام الیکشن کمیشن نے سینیٹ انتخابات کے عمل کو بااحسن اور شفاف طریقے سے مکمل کرنے کے لئے اٹھایا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆